MINHAJ UL QASDEEN:
السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

بسم الله الرحمن الرحیم

باذن الله تعالی

📚 Lecture By Ustaza  Dr. Farhat Hashmi

📚 Minhaajul Qasideen

📚 Lesson # 24

📚 Topic:-  Kitab Al Tilawa

📚 Duration:- 41:23 Minits⏰

📚📆Friday, 22  September 2017

🚏📚🚏📚🚏📚
🚏📚🚏

🚏🚏 فصل دوم

🚏📚آداب تلاوت📚🚏

🚏قرآن پاک پڑھتے وقت باوضو ہونا مستحب ہے، واجب نہیں .

🚏ادب سے بیٹھیں، چار زانو، تکیہ لگا کر، متکبروں کی طرح نہ بیٹھیں۔ غفلت کا انداز نہ ہو.

🚏قرآن کریم کو کتنے دن میں ختم کرنا چائیے:-

🔹 قرآن کریم کو تین دن میں ختم کرنا پسندیدہ ہے.

🔹 بعض لوگ ایک ہفتہ میں ختم کرتے ہیں. اس کے لیے قرآن کریم میں 7 منزلیں ہوتی ہیں.

🔹 بعض ایک ماہ میں ختم کرتے ہیں. اور ایک مہینہ میں ختم کرنے والوں کے لیے قرآن کو تیس جز میں تقسیم کیا گیا ہے.

🚏اتنا پڑھیں کہ ضروری کام میں رکاوٹ نہ ہو۔ نہ جسم کو تکلیف ہو اور نہ ترتیل و ترتیب و تدبیر پر فرق آئے .

🚏ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: "اگر میں صرف سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران پڑھ لوں اور ان پر غور کروں، تو یہ اس سے بہتر ہے کہ میں پورا قرآن مجید تیزی سے پڑھ جاؤں."

📿جسے فرصت ہو وہ قرآن مجید زیادہ پڑھ لے، باقی رہا ہمیشہ کا معاملہ، تو اپنی ہمت کے مطابق پڑھے.

📿ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا 🔽
"جو قرآن مکمل کرے اس کی دعا قبول ہوتی ہے. "

📿حضرت انس رضی اللہ عنہ جب قرآن مجید ختم کرتے تو اپنے گھر والوں کو اکٹھا کرتے اور دعا کرتے.

📿قرأت کا بیان🔽

🔹 اچھی آواز سے قرأت کرنا مستحب ہے.

🔹 جن کی آواز اچھی نہ ہو وہ جتنا ہو سکے اچھا بنائے، تکلف نہ کرے.

🔹 قرأت آہستہ آواز سے کرے.

📿"وہ ہم میں سے نہیں جس نے قرآن کو خوبصورت آواز سے نہ پڑھا". (مفہوم حدیث )

📿"قرآن کو خوبصورت آواز سے زینت دو". (مفہوم حدیث)

📿پوشیدہ قرآن، اعلانیہ قرآن سے بہتر ہے. جیسے پوشیدہ صدقہ، اعلانیہ صدقہ سے بہتر ہے. (مفہوم حدیث، ابو داؤد اور ترمذی).

📿اتنی آواز سے پڑھیں کہ کان سن سکیں.

📿جس کے پاس قرآن کا نسخہ ہو وہ ضرور اس کو پڑھے تاکہ قرآن چھوڑا ہوا محسوس نہ ہو .

📿قرآن کی تلاوت کرنے والے کو چاہیے کہ غور کرے. یہ کلام اللہ ہے اور کلام والے کی عظمت کو بھی ذہن میں رکھے. کلام پر غور وتدبر کرے اگر بغیر تکرار کے تدبر حاصل نہیں، تو اسکو بار بار پڑھے.

📿ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے ایک ہی آیت:
" اے اللہ اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں." پوری رات قیام کیا.

📿صحابہ اکرام رضی اللہ عنھم بھی رات بھر ایک ہی آیت کی تکرار کرتے اور اس پر غور وتدبر کرتے تھے.

📿تخلیق کائنات و تخلیق انسان پر غور و فکر و تدبر کرے۔ جھٹلانے والوں کے حالات پر غور کرے کہ نہ ماننے والوں کا انجام کیا ہوا .

📿ہر اس رکاوٹ کو دور کرے جو غور و فکر میں رکاوٹ ڈالے🔽

🔹 شیطان سے اللہ کی پناہ مانگے.

🔹 گناہ پر اصرار نہ کرے.

🔹 خواہشات کے پیچھے نہ لگے۔ یہ دل کو زنگ آلود کرتی ہیں اور ظلمت پیدا ہوتی ہے ۔

🚏قرآن کے معنی شکلوں کی طرح ہیں جو دل ❤ کے آئینے میں نظر آتے ہیں۔

🚏قرآن کے وعدے و وعید کا مخاطب وہی ہے جو تلاوت کر رہا ہے۔ واقعات قصہ کہانی نہیں بلکہ یہ بڑی عبرت کا سامان ہیں۔ اس سے متنبہ ہو جائے، جیسے غلام اپنے مالک کے سامنے کھڑا ہے۔

🚏جو آدمی اپنے نفس کی کوتاہیوں پر نظر رکھتا ہے، وہ اللہ کے قرب کا مستحق ہو جاتا ہے .

🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚🚏

🚏Fasl E Doim🚏

🚏📚Adaab E Tilawa📚🚏

🚏 Quran paak parhtay waqat bawazu hona mustahib hai, wajib nahi.

🚏 Adab say baithain, charon zanoo, takia laga kar, mutakabbiron ki tarha  naa baithain. Ghaflat ka andaaz naa ho.

🚏 Quran kareem ko kitna din main khatam karna chahiye:-

🔹 Quran kareem ko teen din main khatam karna passandeeda hai.

🔹 Baz loog ik haftay main khatam kartay hain. Is kay liye Quran kareem main 7 manzilain hoti hain.

🔹 Baz aik mah main khatam kartay hain. Aur aik maheenau main khatam karnay walon kay liye Quran ko tees (30) juz main taqseem kiya gaya hai.

🚏 Itna parhain kay zaroori kam main rukawat na ho. Na jisam ko takleef ho aur na tarteel o tarteeb o tadbeer par faraq aye.

🚏Ibn e Abbaas (R.A) kehtay hain: " Agar main sirf Surah Baqarah aur Surah Aal e Imran parh loon aur inn par ghoor karon tu yeh iss say behtar hai kay main pura Quran Majeed taizee say parh jaoon".

🚏Jisay fursat ho wo Quran Majeed ziyada parh lay, baqi raha hamaisha ka mamla, tu apni himmat kay mutabiq parhay.

🚏Ibn e Masood (R.A) nay kaha: "Jo Quran mukammal karay iss ki dua qabool

📍 Hazrat Anas (R.A) jab Quran Majeed khatam kartay tu apnay ghar walon ko ikatha kartay aur dua mangtay.

📍Qirat Ka Bayan📍

🔹 Achi awaz say qiraat karna mustahib hai.

🔹 Jin ki awaz achi na ho wo jitna ho saky acha bnaye, takalluf na karay.

🔹 Qiraat ahista awaz se karay.

📍"Wo hum main say nahi jiss nay Quran ko khubsurat awaz say naa parha." (Mafhoom Hadees)

📍"Quran ko khubsurat awaz say zeenat doo" (Mafhoom Hadees)

📍"Posheeda Quran, aylaniya Quran say behtar hai. Jaisay posheeda sadqah aylaniya sadqay say behtar hai" (Mafhoom Hadees, Abu Dawud aur Tarmizi)

📍Itni awaz say parhain kay kaan sun sakain.

📍Jiss kay pass Quran ka nuskha ho wo zaroor iss ko parhay takay Quran choora huwa mehsoos na ho.

📍Quran ki tillawat karnay walay ko chahiye kay ghoor karay. Yeh kalam ALLAH hai aur kalam walay ki azmat ko bhi zehan main rakhay. Kalam par ghoor o tadabbur kray agar baghair takraar kay tadabbur hasil nahi, tu is ko baar baar parhay.

📍Abu Zar (R.A) kehtay hain keh Rasool (S.A.W.W) nay 1 hee ayat:
"Ay ALLAH agar tu inn ko azaab day tu yeh tairay banday hain". puri raat qayaam kiya.

📍Sahaaba e kraam radiallahu anhum bhi raat bhar 1 hee ayat ki takrar kartay aur iss par ghoor o tadabbur kartay thay.

📍Takhleeq e kainat o takhleeq e insan par ghoor o fikar o tadabbur karay. Jhutlanay walon kay halaat par ghoor karay kay naa maannay walon ka anjaam kia huwa.

📍Har uss rukawat ko door karay ju ghoor o fikar main rukawat dalay🔽

🔹 Shaitan say ALLAH ki panaah mangay.

🔹 Gunaah par israar na karay.

🔹 Khawahishat kay pichay naa lagay. Yeh dill ko zang alud karti hain aur zulmat paida hoti hai.

🚏Quran kay manee shakloon ki tarha hain jo dill ❤kay aainay main nazar aatay hain.

🚏Quran kay waday o waeed ka mukhatib wohi ha jo tillawat kar raha hai. Waqiyat qissa kahani nahi balkay yeh bri ibrat ka samaan hain. Iss say mutnabah ho jaye, jaisay ghulam apnay maalik kay samnay kharaa hai.

🚏Jo admi apnay naffas ki kotahioon par nazar rakhta ha, wo ALLAH kay qurb ka mustahiqq ho jata hai.

🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚🚏